© rasailojaraid.com



امریکی سازش ہے۔ قرائن سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اب نواز حکومت کا کام مشرف حکومت سے لیا جا رہا ہے اور کشمیر کا محاذ بند کیا جا رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر یہی کچھ ہونا ہے تو پھر نصف صدی تک کشمیریوں کو کیوں الجھایا گیا اور بے پناہ جانی و مالی قربانیاں کیوں دی گئیں؟ امید ہے کہ کشمیری عوام اپنی قومی غیرت کا سودا نہیں ہونے دیں گے اور غیرت کے سوداگروں کو ان کی اوقات ضرور یاد دلاتے رہیں گے۔ جہاد جاری رکھیں گے کہ اسی میں ہماری دینی حمیت اور قومی بقا مضمر ہے۔

## مولانا محمد مسعود اظہر کی دارِ بنی ہاشم آمد

ممتاز مجاہد، غازی امیر جیش محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) حضرت مولانا محمد مسعود اظہر ۲۵ جولائی کو بعد نماز عصر دفتر احرار دار بنی ہاشم ملتان تشریف لائے۔ آپ نے مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری سے ملاقات کی اور کشمیر و افغانستان کی جہادی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ مدرسہ کے اساتذہ و طلباء نے آپ کا استقبال کیا۔ بعد ازاں آپ بہاولپور تشریف لے گئے۔

## اجلاس علماء کونسل

**7 ستمبر 2000ء بروز جمعرات 10 بجے صبح**

دفتر مجلس احرار اسلام۔ C-69 حسین سٹریٹ،
وحدت روڈ نیو مسلم ٹاؤن لاہور

جس میں مسلک علماء دیوبند سے تعلق رکھنے والی تمام دینی جماعتوں کے سربراہ علماء کرام اور مفتیانِ عظام شرکت فرمائیں گے۔

**میزبان:** مجلس احرارِ اسلام پاکستان فون: 5865465۔042

© rasailojaraid.com